Music By S. D. Burman

فلمستان لمیٹڈ کا تیار کردہ

# منیم جی

# मुनीमजी

اداکاران:-
نلنی جیونت۔ دیو آنند
ہرزوبالے و پران
وغیرہ وغیرہ



سینما سمبندھی ہر قسم کی کتابیں و فوٹو ملنے کا ایک خاص مقام

**شری نارائن پستکالیہ لال کٹڑہ لاہوری گیٹ۔ دہلی**

سٹوری جس میں کالا گھوڑا نام کے ایک بدنام ڈاکو اور ہتیارے کے کارناموں کو بتایا گیا ہے۔ کالا گھوڑا حقیقت میں رتن نام کا شریف اور سنسکرت جوان ہے۔ جو ایک بڑی فیکٹری کا منیجر

# منیم جی کے گانے

## نمبر ۱

مر: جیون کے سفر میں راہی، ملتے ہیں بچھڑ جانے کو
اور دے جاتے ہیں۔ یادیں تنہائی میں تڑپانے کو
یہ روپ کی دولت والے، کب سنتے ہیں دل کے نالے
تقدیر نہ بس میں ڈولے ان کے کسی دیوانے کو
جو ان کی نظر سے کھیلے، دکھ پائے مصیبت جھیلے
پھرتے ہیں یہ سب البیلے، دل لیکے مکر جانے کو
دل لیکے دغا دیتے ہیں۔ اک روگ لگا دیتے ہیں
ہنس ہنس کے جلا دیتے ہیں۔ یہ حسن کے پروانے کو

## نمبر ۲

مرد -
او شیو جی بیاہنے چلے پالکی سجائیکے۔ بھبھوتی لگائیکے نا۔
او جب شیو بابا کریں تیاری، لگے گے سکل ساماں ہو
داہنے انگ ترشول براجے، ناچیں بھوت شمشان ہو۔
برہما چلے وشنو چلے۔ لیکے دیا پران ہو
شنکھ چکر اور گدا پدم سے، چلے شری بھگوان ہو

اور بن ٹھن کے چلے بم بھولا ۔ پی بے بھانگ دھتور کا گولہ
بسلے ہے ہر دم جیسے رہ کا پرانئے کے، بھبوتی لگائیکے ۔ پالکی بجلیکے با ۔۔
اوبا ناست بن پر چڑھ ۔ چلتی ہاک ڈیلی بیلار ہو ۔
کالا ناگ گردن کے نیچے، بھو دن پھونیکار ہو ۔
وٹا بھینک کے بھاگ چلیں کا پڑ دھی لکھمن بلار ہو ۔
ان کے سنگ براہ ذکری بو ۔ گوری رہیئے کنواری ہو
کہیں پاروتی کبھی بنیاں ہمری مانو مائی
جے ہی بھرائی لیہ ہم کر موا لکھائیکے بھبوتی ... پالکی بجلیکے ۔
اوم نمہ شوائے ۔ اوم نمہ شوائے ۔ اوم نمہ شوائے ۔
او جب شو بابا منڈوا گئے بھولا منگلا چار ہو
بابا پنڈت وید بچار رہے ، مولا گونرا چار ہو
بجنر بجی کی لگی جھالری ، نائن کی دھیکار ہو ۔
بیچ منڈوا میں ناؤں ایلی کرھنگن بڈ بار ہو ۔
ایکو ناگن دلہن مدائی ، ناؤں جیو لے چیے پرائی
سب ہنس للگے دیا ٹھٹھائے کے ۔ بھبوتی لگائیکے ۔ پالکی بجائیکے ۔
او کول روپ دھرے شو شنکر، خوشی بھئے نر ناری ہو
راجہ ہماچل دان کرائی ہے، عزت رہیے ہمار ہو
کہے رسائی شو شنکر کے تو نے نر پا مول ہار ہو ۔
ان کی جٹا سے گنگا بہلی بھا اگم اپار ہو ۔
جے شو شنکر دھیان لگائے ۔ ان کے تینوں لوک دکھلائے ۔

ہے ڈھکرنا ہیا بر کھیہ ڈالے، کے بھبوتی لگا لیگے۔ پابی بجا لیگے

**نمبر ۳**

بیلا اور سکھیاں:۔

بن کھوئے کھوئے، تیرے دل میں بھی کچھ ہوئے رے

پیار یہ نہیں تو اور کیا ہے۔ ہونٹوں پہ انکار، تیری آنکھوں میں اقرار ہے۔

پیار یہ نہیں تو اور کیا ہے.....؟

دل ہی دل میں تیرا یوں کھانا۔ من میں ہاں ہاں مگر منہ پہ نا نا

بڑی بڑی آنکھوں سے پیکے نشاد۔ گھڑی گھڑی تیر چلا کے تیرا شرماد

پیار یہ نہیں تو اور کیا ہے.....

ان کے منہ پہ لاج کا گلال رنگ لائے رے۔ جیسے بادل کے دت جیسے دھوپ آئے جائے

دل پہ لگی چوٹ کوئی کب تک چھپائے رے۔ میٹھی میٹھی پیر آ گھٹے دل کو گرما آئے رے

پیار یہ نہیں۔ تو اور کیا ہے۔

بھولی بھالی سی بانکی یہ انکھیاں۔ نیچی نیچی یہ ظلمی کنکھیاں

نا دیکھیں دن اور نا دیکھیں رتیاں۔ چوری چوری کریں چھیڑ چھاڑ کریں انکھیاں

پیار یہ نہیں تو اور کیا ہے۔؟

**نمبر ۴**

روپا:۔

گھائل ہر تیا میں بن بن ڈولوں۔ جس کا لگا بان مکھ سے نہ بولوں

مڑ کے جو دیکھوں تو پکھیں بلائے۔ پلکوں میں لیکن کوئی مسکرائے

جی کو گدگدائے پایل سنگ ہولوں۔ گھائل ہر تیا میں بن بن ڈولوں

جب سے یہ نینا ہم سنگ لاگے۔ دکھ سکھ بیرے من میں ایک سنگ جاگے

میں ہیں مجھوں پل میں نینا بھگوؤں۔ گھائل ہر تیا میں بن بن ڈولوں

## نمبر ۵

اک نظر بس ایک نظر، جانِ تمنا دیکھ اِدھر

کچھ تو بتا اے جانِ وفا۔ تیری ادا شرماتی ہے کیوں

ہنس کے پہلی تھی جو گلے سے۔ اب وہ نظر کتراتی ہے کیوں

پہلے لگانا پھر ترسانا۔ ٹھیک نہیں میرے دلبر

ہم ہیں تیرے دیوانے، دل بھی ہے تیرا دیوانہ

نغمے کے سوئے تار جگا کے، چھیڑ چلے ایسا افسانہ

دونوں جہاں سے ہم کھو جائیں۔ کچھ بھی رہے نا اپنی خبر

## نمبر ۶

مزا نغمہ، روشن

دل کی اُمنگیں ہیں جواں، رنگ میں ڈوبا ہے سماں

جس نے تمہیں جیت لیا، ہار گئے دونوں جہاں

آپ بھی گائیے نا، گائیے نا، کیا مشکل ہے

سرگم بتاؤں آپ دھپ، گپ گائیے۔

بہت اچھے۔ واہ! واہ!! واہ!!! گائیے جی گائیے

ہا ہا کیا کہنے

موج میں جوانی ہے زمیں۔ ہے آج اتنی حسیں۔ آتا نہیں ہے لطف، جو نا نہیں ہے بیاں

آپ بھی گائیے۔ جیو جیو۔

گائیے لالاؤں سے کہو۔ گاتی جھوما ہوؤں سے کہو

گاتی بہاروں سے کہو۔ رُک جائیں آج یہاں

گائیے نا، کیا مزا آ رہا ہے۔

بے چین تنہائیاں ۔ لیتی ہیں انگڑائیاں
ہلکی سی شہنائیاں ۔ بجتی ہیں جا ۓ
گلے یئے نا ۔ ایک بار اور ۔ آیئے نا آپ بھی نا چیئے ۔

نمبر ۲

رُوپا : —
آنکھ کھلتے ہی تم چھپ گئے ہو کہاں
تم ابھی تھے یہاں ۔ تم ابھی تھے یہاں
میرے پہلو میں تاروں نے دیکھا تمہیں
بھیگے بھیگے نظاروں نے دیکھا تمہیں
تم کو دیکھا ۔ کہ یہ زمیں آسماں ۔ تم ابھی تھے یہاں تم ابھی تھے یہاں
ابھی سانسوں کی خوشبو ہواؤں میں ہے ۔
ابھی قدموں کی آہٹ فضاؤں میں ہے ۔
ابھی شاخوں پہ ہیں انگلیوں کے نشاں ۔ تم ابھی تھے یہاں ۔ تم ابھی تھے یہاں ۔
تم جُدا ہو کے بھی میری راہوں میں ہو
گرم اشکوں میں ہو ، سرد آہوں میں ہو
چاندنی میں جھلکتی ہیں پرچھائیاں ۔ تم ابھی تھے یہاں تم ابھی تھے یہاں

نمبر ۳

رُوپا : —
جیون کے سفر میں راہی ملتے ہیں بچھڑ جانے کو
اور دے جاتے ہیں یادیں ۔ تنہائی میں تڑپانے کو
رو رو کے انہی راہوں میں ۔ کھونا پڑا اک اپنے کو
ہنس ہنس کے انہی راہوں میں اپنا یا بیگانے کو

اب سا تھ نہ گذریں گے ہم ۔ لیکن یہ نفا دادی کی
دہرائی رہے گی برسوں۔ بھولے ہوئے افسانہ کو
تم اپنی نئی دنیا میں ۔ کھو جاؤ پرائے بن کر
جی پائے تو ہم جی لیں گے ۔ مرنے کی سزا پانے کو

## نمبر ۹

روپا ۔

ساجن بن نیند نہ آوے
برہا ستاوے ۔ اُن بن موہے کچھ نہ بھاوے
کیسے کہوں میں ۔ کیسے کہوں میں ۔ کیسے کہوں میں
ساجن بن نندیا نہ آوے ۔
کر کے نٹھرے دن کی پریت ۔ من میرے روٹھے من کے میت
سُکھ کے سپنے دُکھ کے گیت
کیسے کہوں میں ۔ کیسے .... کیسے ....
ساجن بن نیند نہ آوے
تن کو پھونکے من کی آگ ۔ من کو پھونکے برہا راگ
اپنے اپنے سب کے بھاگ
کیسے کہوں میں ۔ کیسے ..... کیسے .......
ساجن بن نیند نہ آوے

## نمبر ۱۰

ہلا او ہمکے ساتھیوں کا گانا گا دُ!

ایک طرف حسیں جلوے ہیں ، ایک طرف جوانی
زندگی ہے زندہ ...
ایک ہے فسانہ تیرا۔ اک میری کہانی۔
زندگی ہے زندہ ... ... ...

زندگی ہے زندہ، آؤ زندگی سے کھیلیں
کوئی ہم سے کھیلے آ کے۔ ہم کسی سے کھیلیں
یہ تو مستی کی راتیں۔ جا کے پھر نہیں ہیں آنی
زندگی ہے زندہ ... ... ...

سونے جیسے ہیں یہ دن ، چاندی جیسی راتیں
آنکھوں کے اشاروں میں ہیں۔ لاکھوں کی سوغاتیں
جانے والے بہاروں سے مانگ لے نشانی۔
زندگی ہے زندہ ... ... ...

دل لگی میں کیا رکھا ہے۔ دل لگا کے دیکھو
دور جا کے کیا پاؤ گے۔ پاس آ کے دیکھو
دل اسی کے کام آئے گا، جس نے دل کی مانی
زندگی ہے زندہ ... ... ...

ختم شد